معلومات برائے جارجیا کے رائے دہندگان

جارجیا کے رائے دہندگان کو ابتدائی رائے شماری میں، بذریعہ ترسیلاتی بیلٹ، یا انتخابات کے دن بذات خود ووٹ دینے کا حق حاصل ہے۔ رائے دہندگان ترسیلاتی بیلٹ آن لائن یا اپنے مقامی کاؤنٹی کے انتخابات کے دفتر سے طلب کر سکتے ہیں۔ رائے دہندگان امریکی ڈاک کے ذریعے، منگل 3 نومبر 2020 کے دن شام 7 بجے تک مقامی کاؤنٹی کے انتخابات کے دفتر ارسال کر کے یا انہیں اپنی کاؤنٹی کی جانب سے پیشکش کردہ ہونے کی صورت میں محفوظ ڈراپ باکس میں ڈال کر اپنے ترسیلاتی بیلٹس واپس بھجوا سکتے ہیں۔

ابتدائی رائے شماری کا آغاز 12 اکتوبر 2020 کو ہو گا، اور یہ 30 اکتوبر 2020 تک جاری رہے گی۔ ابتدائی رائے شماری کے مقامات اور اوقات کاؤنٹی کے حساب سے مختلف ہوں گے۔ اپنے مقامی کاؤنٹی کے انتخابات کے دفتر پر مزید معلومات کے لئے کال کریں یا 866-OUR-VOTE پر کال کریں۔ تمام کاؤنٹیز میں ابتدائی شخصی رائے شماری ہفتہ 24 اکتوبر کو ہو گی۔

آپ کے پاس درج ذیل استحقاق ہوں گے:

- **آپ کے پاس رجسٹر ہونے اور ووٹ دینے کا حق ہے** اگر آپ ووٹ دینے کے اہل ہیں اور 5 اکتوبر 2020 سے قبل اپنی رجسٹریشن کا اندراج کرواتے ہیں۔
  - آپ ووٹ دینے کے اہل ہیں اگر آپ: امریکی شہری، اپنی کاؤنٹی کے قانونی باشندے ہیں، رجسٹر ہونے کے لئے کم از کم 17 ½ سال کے اور ووٹ دینے کے لئے 18 سال کے ہیں، اخلاقی بدعملی کے کسی جرم میں سزا نہیں کاٹ رہے یا کسی جج کی جانب سے ذہنی طور پر نااہل ہونا قرار نہیں پائے۔
  - اگر آپ کے اپنی اہلیت کی بابت کوئی سوالات ہوں، تو 866-OUR-VOTE پر کال کریں۔ رجسٹر ہونے یا اپنی رجسٹریشن کی پڑتال کے لئے یہاں کلک کریں۔
- **آپ کے پاس: ابتدائی رائے شماری کی مدت کے دوران شخصی حیثیت میں، انتخابات کے دن پر یا بذریعہ میل ووٹ دینے کا حق ہے۔**
  - ارادہ بنائیں اور ووٹ دیں! اپنا ترسیلاتی بیلٹ طلب کرنے کے لئے یہاں کلک کریں۔ اسے بذریعہ ڈاک واپس بھجوائیں یا اگر آپ کی کاؤنٹی میں ڈراپ باکس موجود ہے، تو اسے اس میں ڈال دیں۔ ابتدائی رائے شماری کے اپنے مقامات، پول مقامات یا ڈراپ باکسز معلوم کرنے کے لئے، اپنی کاؤنٹی کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں یا 866-OUR-VOTE پر کال کریں۔
  - اگر آپ شخصی حیثیت میں ووٹ دیتے ہیں، تو آپ کو منظور شدہ شناختی فارم لازماً لے کر آنا ہو گا۔ IDs کے بارے میں معلومات کے لئے یہاں کلک کریں۔
- **آپ کے پاس اپنا فیصلہ بدلنے کا حق ہے**
  - اگر آپ ترسیلاتی بیلٹ طلب کرتے ہیں اور پھر شخصی حیثیت میں ووٹ دینے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو آپ اپنا عدم ووٹ کردہ ترسیلاتی بیلٹ پولز پر لا سکتے ہیں اور باقاعدہ بیلٹ پر ووٹ دے سکتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس اپنا ترسیلاتی بیلٹ نہیں ہے، تو اپنے اختیارات کے بارے میں جاننے کے لئے 866-OUR-VOTE پر کال کریں۔
- **ضرورت پڑنے پر آپ کے پاس معاونت کا حق ہے**
  - پولنگ کے تمام مقامات لازماً قابل رسائی اور پول کارکنان سے لیس ہونے چاہیئیں جو تمام رائے دہندگان کی ضرورتوں کو پورا کرنے میں تربیت یافتہ ہوں۔

اگر رائے دہی کے بارے میں آپ کے سوالات ہیں، تو 866-OUR-VOTE پر کال کریں
(866-687-8683)

- اگرچہ قانون عمومی طور پر دوسروں کے رائے دہندہ کو رائے شماری کے بوتھ یا خانے تک لے کر جانے پر پابندی عائد کرتا ہے، لیکن ان رائے دہندگان کو استثنا حاصل ہے کہ جو انگریزی پڑھ نہیں سکتے، یا جو بینائی سے محرومی، قریبی نظر کمزور ہونے، یا کسی اور معذوری کی وجہ سے بیلٹ پر مہر نہیں لگا سکتے۔ اگر آپ کو معاونت درکار ہو، تو پول کے کارکن سے دریافت کریں۔
- 75 سال اور اس سے زائد عمر کے رائے دہندگان کو صبح 9:30 سے شام 4:30 کے اوقات کے دوران قطار میں کھڑے ہو کر انتظار کرنے کی ضرورت نہیں۔ اہل رائے دہندگان کو قطار میں آگے جانے کی ضرورت پیش آنے پر پول کارکن کو آگاہ کرنا چاہیئے۔

- **آپ کے پاس اپنے رائے شماری کے مقام تک رہنمائی حاصل کرنے کا حق موجود ہے**
  - اگر آپ رائے شماری کے غلط مقام پر ووٹ دینے کی کوشش کرتے ہیں، تو پول کارکن پر لازم ہے کہ وہ آپ کو رائے شماری کے درست مقام تک لے کر جائے۔ اگر آپ اپنے رائے شماری کے درست مقام تک نہیں پہنچ پاتے اور آپ اس کاؤنٹی میں ہیں جہاں آپ رجسٹر شدہ ہیں، تو آپ عبوری بیلٹ پر ووٹ دے سکتے ہیں....
- **اگر آپ رائے شماری ختم ہونے کے وقت قطار میں موجود ہیں تو آپ کے پاس ووٹ دینے کا حق ہے**
  - اگر آپ رائے شماری ختم ہونے کے وقت قطار میں موجود ہیں، تو آپ کو ووٹ دینے کی اجازت دی جانی چاہیئے۔ اگر آپ کو بتایا جائے کہ آپ ووٹ نہیں دے سکتے، تو وقت نوٹ کریں، قطار میں رہیں، اور 866-OUR-VOTE پر کال کریں۔
- **اگر آپ کو باضابطہ بیلٹ نہیں ملتا، تو آپ کے پاس عبوری بیلٹ کے حصول کا حق ہے**
  - اگر آپ پولز پر ID فراہم نہیں کرتے، تو ممکن ہے کہ آپ کو اپنے بیلٹ کو شمار کروانے کی خاطر 6 نومبر تک اپنی شناخت فراہم کرنے کی ضرورت پیش آئے۔ عبوری بیلٹس کی تصحیح کی بابت مزید ہدایات کے لئے یہاں کلک کریں۔

اگر آپ غلط پولنگ مقام پر موجود ہیں اور پولنگ کے بند ہونے سے قبل اپنے درست مقام تک نہیں پہنچ پاتے، تو آپ کے پاس عبوری بیلٹ پر ووٹ کرنے کا حق ہے لیکن یہ صرف تب شمار ہو گا جب آپ اسی کاؤنٹی میں ووٹ دے رہے ہوں کہ جہاں آپ ووٹ دینے کے لئے رجسٹرڈ ہیں۔